رسول اللہ ﷺ جب رات کو (نماز تہجد کے لیے) بیدار ہوتے، تو اپنے منہ کو مسواک سے خوب صاف فرماتے۔

حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب رات کو (نماز تہجد کے لیے) بیدار ہوتے، تو اپنے منہ کو مسواک سے خوب صاف فرماتے۔

[صحیح] [متفق علیہ]

نبی ﷺ کا صفائی کو پسند اور ناگوار بو کو ناپسند کرنے کا یہ حال تھا کہ آپ ﷺ جب رات کی لمبی نیند، جس سے عموما منہ کی بو تبدیل ہو جانے کا امکان ہوتا ہے، سے بیدار ہوتے، تو اپنے دانتوں کو مسواک کے ساتھ رگڑتے؛ تا کہ اس سے بو جاتی رہے اور نیند پر غلبہ پا لینے کے بعد قیام اللیل کے لیے چاق و چوبند ہو جائیں؛ کیونکہ مسواک کی خصوصیات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ یہ چاق و چوبند اور چست کرتی ہے۔

لجنة الدعوة الإلكترونية EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية ALNAJAT CHARITY